سوال

(338) کیا کولونیا (Cologne) خوشبو استعمال کرنا حلال ہے یا حرام؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مادہ کولونیا کے بطور خوشبو استعمال کرنے کے بارے میں ہمارا کافی اختلاف ہوا ہے کیا اس کے استعمال کے بعد وضو کی تجدید اور جسم کے جس حصہ پر یہ خوشبو لگی ہو اسے دھونا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لونیا کے نام سے مشہور خوشبو مادہ ''سبر تو'' ہوتا ہے جو اطباء کے بقول ایک نشہ آور چیز ہے لہذا واجب ہے کہ اس خوشبو کا استعمال ترک کر دیا جائے اور اس کے بجائے ایسی خوشبو استعمال کی جائے جو نشہ آور چیزوں سے پاک ہو۔ اس خوشبو کے استعمال کے بعد وضو کرنا واجب نہیں ہے اور نہ جسم کے اس حصہ کو دھونا واجب ہے جہاں یہ خوشبو لگی ہو کیونکہ اس کے ناپاک ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے، واللہ ولی التوفیق۔

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

صفحہ **421**

محدث فتویٰ